**Q. 7. Translate the following into English by keeping in view figurative/idiomatic expression. (10)**

اپنے پوشیدہ عیبوں کو معلوم کرنے کے لیے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ ہمارے دشمن ہم کو کیا کہتے ہیں۔ ہمارے دوست اکثر ہمارے
دل کے موافق ہماری تعریف کرتے ہیں۔ اول ہمارے عیب ان کو عیب ہی نہیں لگتے یا پھر ہماری خاطر کو ایسا عزیز رکھتے ہیں کہ اِس
کو رنجیدہ نہ کرنے کے خیال سے اِن کو چھپاتے ہیں۔ یا پھر اِن سے چشم پوشی کرتے ہیں۔ بر خلاف اِس کے ہمارا دشمن ہم کو خوب
ٹٹولتا ہے اور کونے کونے سے ڈھونڈ کر ہمارے عیب نکالتا ہے۔ گو وہ دشمنی سے چھوٹی بات کو بڑا بنا دیتا ہے۔ مگر اِس میں کچھ
نہ کچھ اصلیت ہوتی ہے دوست ہمیشہ اپنے دوست کی نیکیوں کو بڑھاتا ہے اور دشمن
عیبوں کو۔ اِس لیے ہمیں اپنے دشمن کا زیادہ اِحسان مند ہونا چاہیے کہ وہ ہمیں ہمارے عیبوں سے مطلع کرتا ہے۔ اِس تناظر میں
دیکھا جائے تو دشمن دوست سے بہتر ثابت ہوتا ہے۔

CamScanner

# Translation 2017

To know our hidden flaws, It is important to know what our enemies says about us. Our friends Praise us, as we want them to. Either our flaws do not appear as a flaws to them, or else they never tell us because of our distress. Or they try to Cover them. In contrast, our enemies keep Scrutinizing us to find our hidden flaws. Although they exaggerate Something, there is some reality in it. Friends always highlight the good in us, while the enemy highlights the flaws. That is why, we Should be indebted to our enemies for making us aware of our shortcomings. In this Context, an enemy is better than a friend.

CamScanner

**Translate the following into English by keeping in view figurative/idiomatic expressions.** **(10)**

دنیا کی ہر قوم کا نظام تعلیم اپنی قوم کے مزاج سے ہم آہنگ ہوتا ہے جو قومی اور ملی مقاصد کی تشکیل و تکمیل کرتا ہے۔ اور قوم مطلوبہ مقاصد کے لیے سرگرم عمل رہتی ہے۔ چنانچہ کسی قوم کا نظام تعلیم وہ ہمہ گیر نظام تربیت ہے جس کے تحت قوم کے افراد کی ذہنی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے اور ان کی سیرت و کردار کی تعمیر میں مدد ملتی ہے۔ نظام تعلیم افراد کی تربیت اس انداز سے کرتا ہے کہ افراد قوم کی تقدیر بدل دیتے ہیں۔

*************

CamScanner

# Translation 2020

The education system of every nation reflects its temperament. It shapes and fulfills the national and social objectives. The nation is engaged in its desirable objectives. Therefore, the education system is a comprehensive training system that enhances the intellectual capacity and character of its people. Thus, it enables a nation to shape its destiny.

CamScanner